بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

# اُردُو

## برائے جماعت سوم



پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور

جملہ حقوق بحق پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بُکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

مصنفین :
طاہرہ ناصر (ایم-اے اُردو، ایم-ایڈ)
کواورڈینیٹر، جینریشنز سکول، کراچی

سعدیہ سیما (ایم-اے اُردو، ایم۔ایڈ)
لیڈ ٹیچر اُردو، جینریشنز سکول، کراچی

سعدیہ ادیب (بی۔ایس۔سی، ایم-ایڈ)
کواورڈینیٹر، آغا خان ایجوکیشن سروسز

مدیر :
بشریٰ مسّرت (ایم-اے اُردو)
اُردو کواورڈینیٹر، لاہور کالج آف آرٹس اینڈ سائنسز

جائزہ کمیٹی :
ثریّا خانم (ایم-اے اُردو)
سابق سربراہ، شعبہ اُردو، اے-پی-ایس، اعظم گیریژن سکول

سلمیٰ مسّرت (ایم۔اے اُردو)
گورنمنٹ وکٹوریہ گرلز ہائی سیکنڈری سکول، لاہور۔

آرٹ ورک، لے آوٹ و ڈیزائننگ : سٹوڈیو سیون، بتول حسین، ماریہ خان، صوفیہ خان





# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 1- | آؤ پڑھنا سیکھیں | 01 |
| 2- | حمد | 33 |
| 3- | نعت | 36 |
| 4- | ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | 39 |
| 5- | موسم کی بات (نظم) | 43 |
| 6- | دوسری چادر | 46 |
| 7- | خانپور کے سلیم چچا | 50 |
| 8- | میٹھے بول (نظم) | 54 |
| 9- | چاند | 57 |
| 10- | سچا سُلطان | 61 |
| 11- | علم کا شوق | 66 |
| 12- | چھوٹی چیونٹی (نظم) | 70 |
| 13- | کبڈّی | 73 |
| 14- | قائدِاعظمؒ (نظم) | 77 |
| 15- | چین | 80 |
| 16- | صفائی | 85 |
| 17- | بہادر کسان (نظم) | 89 |
| 18- | ہم ایک ہیں | 93 |
| 19- | مری کی سیر | 99 |
| 20- | ساری دُنیا اپنا گھر (نظم) | 104 |
| 21- | احترام کریں | 107 |
| 22- | اقوالِ زریں | 112 |
| 23- | پہاڑ اور گلہری (نظم) | 114 |
| 24- | سچی خوشی | 119 |
| 25- | ایدھی صاحب سے ملاقات | 123 |
| 26- | آزادی کا عہد (نظم) | 127 |
| 27- | چلو میلا دیکھیں | 131 |
| * | فرہنگ | 147 |



حرُوفِ تہجّی لکھیں۔ ہر حرف کے ساتھ اُس کی آدھی شکل بھی بنائیں۔



ا

ے





حروف آپس میں مِل کر لفظ بناتے ہیں۔ آؤ حرف ملائیں:

ب + ا = ______

ج + ا = ______

ر + ا = ______

گ + ا = ______

ج + و = ______

ص + و = ______

ک + و = ______

س + و = ______

ف + ی = ______

د + ی = ______

ک + ی = ______

ج + ی = ______

ن + ے = ______

ہ + ے = ______

ل + ے = ______

ط + ے = ______





# لفظ بنائیں

ب + ا + ت = با + ت = بات

خ + ا + ص = ____ + ____ = ____

پ + ا + ر = ____ + ____ = ____

ن + ا + پ = ____ + ____ = ____

ص + ا + ف = ____ + ____ = ____



____ ل



____ ج



____ لا



با ____



____ ل



____ ن



نا ____



____ ت

7

____ ت





# لفظ بنائیں

ب + و + ل = ــــبوــــ + ــــلــــ = ــــبولــــ

ت + و + ل = ـــــــــ + ـــــــــ = ـــــــــ

س + و + چ = ـــــــــ + ـــــــــ = ـــــــــ

ٹ + و + ک = ـــــــــ + ـــــــــ = ـــــــــ

ش + و + ق = ـــــــــ + ـــــــــ = ـــــــــ



ــــــ ٹ



ــــــ ر



ــــــ ٹ



ڈھو ــــــ



ــــــ ڑ



ــــــ طا



ــــــ نا



ــــــ لو



ــــــ ٹو





# لفظ بنائیں

ع + ی + د = عی + د = عید

ک + ی + ل = ____ + ____ = ____

چ + ی + ز = ____ + ____ = ____

کھ + ی + ر = ____ + ____ = ____

ٹھ + ی + ک = ____ + ____ = ____

"ی" کی درمیان کی آواز


____


____

3
____


____


____


____

"ی" کی آخر کی آواز


چا ____


ٹو ____


مو ____





# لفظ بنائیں

ر + ے + ل = رے + ل = ریل

کھ + ے + ت = ______ + ______ = ______

د + ے + کھ = ______ + ______ = ______

ن + ے + ک = ______ + ______ = ______

م + ے + ز = ______ + ______ = ______

## "ے" کی درمیان کی آواز



______



______



______



______



______



______

## "ے" کی آخر کی آواز



تا ______



طو ______



با ______




نیچے دیے ہوئے لفظ دیکھیں، پھر اِن کو  میں تلاش کریں۔ مثال کی طرح لفظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سورج | چاند | گھاس | ہوا |
| پھول | درخت | سیب | بادل |
| جھولا | پھل | رات | دن |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| د | پھ | ل | ا | ن | ج |
| ل | و | پھ | و | د | ن |
| چ | ل | ل | ہ | س | ت |
| ا | ن | س | و | ر | ج |
| ن | د | ے | ا | ے | ت |
| د | ر | ب | چ | ب | ت |
| گھ | خ | جھ | ر | ا | ت |
| ن | ت | د | ل | د | پھ |
| خ | گھ | جھ | و | ل | ا |
| گھ | ا | س | س | ت | ل |





سبزیوں کے نام بتائیں۔









گا____ ٹما____ مو____ گو____









____ی پا____ ____لو ____چ









____ز ____ ____ ____




پھلوں کے نام بتائیں۔






تر____    نا____    ____ر    ____م






خر____    آ____    ____ر    ا___د






نا___تی    ____    ____    ____





# بُوجھو!

آپ کی جماعت میں کیا کیا موجود ہے؟

اشارہ سُن کر دُرست لفظ کے گرد دائرہ بنائیں۔ دُرست جواب کو خالی جگہ میں لکھیں۔

بچے اس پر بیٹھتے ہیں۔ ________ (کرسی، میز، کھڑکی)

ہوا دیتا ہے۔ ________ (پنکھا، کرسی، الماری)

اس سے آپ لکھتے ہیں۔ ________ (قلم، کاپی، تختی)

اس پر آپ لکھتے ہیں۔ ________ (قلم، کاپی، بستہ)

اس میں آپ کی کتابیں ہوتی ہیں۔ ________ (بستہ، وردی، کُرسی)

اس کے علاوہ آپ کی جماعت میں کیا ہے؟ تین چیزوں کے نام لکھیں۔

1. ________ 2. ________ 3. ________





# بُوجھو!

آپ کے گھر میں کیا ہے؟

اشارہ سُن کر دُرست لفظ کے گرد دائرہ بنائیں۔ دُرست جواب کو خالی جگہ میں لکھیں۔

آپ اس پر سوتے ہیں۔ (کرسی، پلنگ، کاغذ)

امّی وہاں کھانا پکاتی ہیں۔ (باورچی خانہ، غسل خانہ، بیٹھک)

آپ اس سے مُنھ دھوتے ہیں۔ (صابن، کنگھی، کاغذ)

آپ اسے اوڑھ کر سوتے ہیں۔ (تکیہ، کرسی، چادر)

آپ جہاں نہاتے ہیں۔ (باورچی خانہ، غسل خانہ، بیٹھک)

آپ کے گھر میں اور کیا ہے؟ پانچ چیزیں ڈھونڈیں۔ اُن کے نام لکھیں۔

1. ______ 2. ______ 3. ______

4. ______ 5. ______





نیچے کچھ الفاظ لکھے ہیں۔ بتائیں کہ ان میں سے کون سی چیزیں آپ پہنتے ہیں؟ مثال کی طرح دائرہ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| پھول | قمیص | باغ |
| گھڑی | درخت | شلوار |
| کوٹ | موزے | پنکھا |
| کنگھی | قلم | ٹوپی |
| شیشہ | جوتے | چمچ |

نیچے کچھ الفاظ لکھے ہیں۔ اس لفظ کے گرد دائرہ بنائیں جو کسی رنگ کا نام ہو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہرا | کھیرا | ٹماٹر | لال |
| کالا | نیلا | پیلا | کیلا |
| جامنی | سفید | سیب | شیشہ |





# چڑیا گھر کی سیر

## نیچے دی ہوئی تصویر میں کون کون سے جانور ہیں؟



چڑیا گھر میں شیر ہے۔

چڑیا گھر میں ____ ہے۔ (ہ + ا + تھ + ی)

چڑیا گھر میں ____ ہے۔ (ز + ر + ا + ف + ہ)

چڑیا گھر ____ ____ ہے۔ (ہ + ر + ن)

چڑیا گھر ____ ____ ____ ۔ (م + و + ر)

چڑیا گھر ____ ____ ____ ۔ (ب + ن + د + ر)





چڑیا گھر ــــــ ــــــ ــــــ ۔ ( ر + ی + چھ )

چڑیا گھر ــــــ ــــــ ــــــ ۔ ( م + چھ + ل + ی )

چڑیا گھر ــــــ ــــــ ــــــ ۔ ( ط + و + ط + ا )

چڑیا گھر ــــــ ــــــ ــــــ ۔ ( ز + ی + ب + ر + ا )

کچھ اور جانوروں کے نام سوچ کر لکھیں۔

1. ________________________

2. ________________________

3. ________________________

4. ________________________

5. ________________________





# اسم

کسی بھی چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

مثلاً میز، شیر ،احمد، درخت، ٹوپی وغیرہ۔

نیچے کچھ الفاظ لکھے ہیں۔ ان میں اسم چُن کر خالی جگہ میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| چڑیا | لکھیں | جُوتا |
| کھاتی | بلّی | لکھا |
| لاہور | کہو | ساجد |

نیچے دیے ہوئے جملوں میں سے اسم کے گرد دائرہ بنائیں۔

1. بچّے نے صابن سے ہاتھ دھوئے۔
2. بلّی دودھ پی رہی تھی۔
3. علی نے پنسل سے تصویر بنائی۔
4. کرکٹ بہت اچھّا کھیل ہے۔
5. کمرے کی کھڑکی کُھلی ہے۔





# فعل

فعل کا مطلب ہے کام۔

مثلاً "علی بھاگا" میں "بھاگا" فعل ہے۔

نیچے کچھ الفاظ ہیں۔ ان میں سے فعل چُن کر خالی جگہ میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| دوڑا | باغ | سویا |
| لڑکی | لکھا | قلم |
| سیڑھی | جاگا | جاؤ |
| کھیلا | ڈھول | پڑھا |

نیچے دیے ہوئے جملوں کو دیکھیں۔ فعل کے گرد دائرہ بنائیں۔

1. سارہ روز سکول جاتی ہے۔
2. احمد نے کتاب پڑھی۔
3. بلّی دوڑی۔
4. طوطا بولا۔
5. امّی نے سوال پوچھا۔





نیچے دیے ہوئے جملوں کو دیکھیں۔

ان میں سے فعل اور اسم کو درست خالی جگہ میں لکھیں۔

1. ابو گھر آئے ہیں۔
2. آسمان پر جہاز اُڑ رہا ہے۔
3. ساجد بازار سے سبزی لایا۔
4. کسان نے ہل چلایا۔
5. باجی کپڑے دھوتی ہے۔

اسم

فعل



# ن اور ں



غور سے سنیں

دن   جن   نان

اب یہ لفظ سنیں

کہاں   نہیں   لڑکیاں

کیا آپ کو "ن" کی آوازوں میں فرق لگتا ہے؟

"ں" کو نون غُنہ کہتے ہیں۔ جب یہ لفظ کے آخر میں آتا ہے، تو اس پر نقطہ نہیں لگتا۔

نیچے کچھ الفاظ لکھے ہیں۔ اُن الفاظ پر دائرہ بنائیں جن میں نُون غُنہ آتا ہو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہوں | گِن | سُن | سُنیں |
| کان | میں | کہاں | اُس |
| نہیں | پان | ہیں | بنائیں |





الف اور نون غُنّہ کو ملائیں۔

ا + ں = اں

"اں" کی مدد سے الفاظ بنائیں۔

ک + ہ + اں = کہاں

ہ + اں = ______

ج + ہ + اں = ______

و + ہ + اں = ______

ی + ہ + اں = ______

م + اں = ______

لڑکی + اں = ______

الماری + اں = ______

کرسی + اں = ______

دری + اں = ______

کیا آپ ایسے 3 الفاظ بتاسکتے ہیں جن کے آخر میں "اں" آتا ہو؟

______ ______ ______





ی اور نون غُنّہ کو ملائیں۔

ی + ں = ﯾ + ں = یں

"یں" کی مدد سے الفاظ بنائیں۔ ہر لفظ کو بلند آواز میں پڑھیں۔
(ِ) زیر اور (َ) زبر کا خاص خیال رکھیں۔

ی + ہ + ِیں = یہیں　　　　رکھ + یَں = ________
ک + ہ + ِیں = ________　　　　م + یَں = ________
و + ہ + ِیں = ________　　　　پڑھ + یَں = ________
ن + ہ + ِیں = ________　　　　بول + یَں = ________
ر + ہ + ِیں = ________　　　　کہ + یَں = ________

کیا آپ ایسے 3 الفاظ بتا سکتے ہیں جن کے آخر میں "یں" آتا ہو؟

________　　________　　________





اگر نون غُنّہ لفظ کے درمیان میں آئے،
تو ہم اُس پر نقطہ لگاتے ہیں۔ مثال کے طور پر
"آنکھ" میں "ن" کی آواز نون غُنّہ
کی طرح ادا ہوگی۔

نیچے دیے ہوئے ارکان کو مِلا کر الفاظ بنائیں۔

اُو + ن + چا = ____________

سا + ن + پ = ____________

دا + ن + ت = ____________

ہو + ن + ٹ = ____________

چو + ن + چ = ____________

گے + ن + د = ____________

سی + ن + گ = ____________

او + ن + ٹ = ____________

نی + ن + د = ____________

سو + ن + ڈ = ____________





# جملے بنائیں

نیچے دیے ہوئے کالموں کو غور سے دیکھیں۔ ہر کالم میں سے ایک لفظ چُن کر جملے بنائیں۔ ایک مثال آپ کے لئے حل کردی گئی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| چڑیا | کرکٹ | چُگتی | ہیں |
| لڑکی | کھانا | جاتا | ہے |
| ہم | کتاب | پڑھتی | ہے |
| تم | سکول | کھاتی | ہو |
| احمد | دانا | کھیلتے | ہے |

۱ چڑیا دانا چُگتی ہے۔

۲ ______________________

۳ ______________________

۴ ______________________

۵ ______________________





# جملے مکمل کریں

یہ میری ________ ہے۔ (بل + لی)

طوطے کا نام ________ ہے۔ (مِٹھ + ٹھو)

میری ________ کہاں ہے؟ (پن + سل)

تمھارا گھر ________ ہے؟ (کہ + اں)

________ کون رہتا ہے؟ (یہ + اں)

پاکستان کا ________ سبز اور سفید ہے۔ (جھن + ڈا)

آڑو کی ________ بتاؤ۔ (قی + مت)

________ میں نہ کھیلو۔ (کی + چڑ)

________ نام زارا ہے۔ (مے + را)

________ پی لو۔ (یخ + نی)





# چیونٹی اور فاختہ

## کہانی بنائیں

نیچے دیے ہوئے ارکان سے الفاظ بنائیں۔ پھر ان کو کہانی میں درست جگہ پر لکھیں۔

1. ند + دی = ندّی
2. ر + ہی = ______
3. د + رخت = ______
4. بے + ٹھی = ______
5. چی + ون + ٹی = ______
6. م + دد = ______
7. پُ + کارا = ______
8. پت + تہ = ______
9. چھین + کا = ______
10. چ + ڑھ = ______









ایک دن چیونٹی ______________

کے کنارے پانی پی __________ تھی۔ پاس ہی __________

پر ایک فاختہ ______________________ تھی۔

اچانک __________________ پانی میں گر گئی۔ اُس نے ______

کے لیے فاختہ کو ________۔ فاختہ نے ایک ______ ندی میں ________

چیونٹی پتے پر ________ کر کنارے تک آ گئی۔




# چیونٹی اور فاختہ

## کہانی بنائیں

نیچے دیے ہوئے ارکان سے الفاظ بنائیں۔ پھر ان کو کہانی میں درست جگہ پر لکھیں۔

1. اگ + لے = ________
2. اے + ک = ________
3. جن + گل = ________
4. فاخ + تہ = ________
5. ش + کار = ________
6. نشا + نہ = ________
7. بان + دھا = ________
8. دے + کھ = ________
9. ٹا + نگ = ________
10. چُو + ک = ________









______ دن ______ شکاری ______ میں آیا۔اس

نے ______ کا ______کرنے کے لیے ______

______۔ چیونٹی یہ سب ______ رہی تھی۔ اُس نے شکاری کی______

پر کاٹ لیا۔ شکاری کا نشانہ ______گیا، اور فاختہ کی جان بچ گئی۔

تب سے چیونٹی اور فاختہ دوست ہیں۔





یہ الفاظ بے ترتیب ہوگئے ہیں۔ ترتیب درست کر کے جملے بنائیں۔

مثلاً:

ہے سکول روز علی جاتا — علی روز سکول جاتا ہے۔

1. ہے گھر میرا یہ ______

2. ملک ہے پاکستان ہمارا ______

3. ادب کرو کا ماں باپ ______

4. سچ عادت بولنا ہے اچھی ______

5. کتاب دو مجھے دے ______

6. باتیں ہے کرتا طوطا ______

7. لمبی ریل گاڑی ہے بہت ______

8. شام ماموں آئیں کو گے ______

9. رہے پڑھ ہم ہیں ______





# انور اور نِدا کی کہانی



میں انور ہوں۔
میں تیسری جماعت
میں پڑھتا ہوں۔

**جب میں چھوٹا تھا۔**

میں روتا تھا۔
میں امّی کے پاس رہتا تھا۔

**جب میں بڑا ہوں گا**

میں کالج جاؤں گا۔
میں ڈاکٹر بنوں گا۔



میں نِدا ہوں۔
میں دس سال کی ہوں۔
میں کرکٹ کھیلتی ہوں۔

**جب میں چھوٹی تھی**

میں دودھ پیتی تھی۔
میں گڑیا سے کھیلتی تھی۔

**جب میں بڑی ہوں گی**

میں وکیل بنوں گی۔
میں لوگوں کی مدد کروں گی۔





# اپنی کہانی سنائیں۔

میں ______________ ہوں ۔

میں ______________ ہوں ۔

میں ______________ ہوں ۔

(اپنی تصویر بنائیں)

## جب میں چھوٹا تھا / چھوٹی تھی

میں ______________________________

میں ______________________________

## جب میں بڑا ہوں گا / بڑی ہوں گی

میں ______________________________

میں ______________________________





# ختمہ (۔)

جب کوئی جملہ مکمل ہوتا ہے تو جو علامت لگائی جاتی ہے اسے ختمہ (۔) کہتے ہیں۔

جیسے: مچھلی پانی میں تیر رہی ہے۔

## سکتہ/وقفہ (،)

سکتہ یا وقفہ کی علامت تین طرح سے استعمال ہوتی ہے۔

(1) جب کسی جملے میں تین سے زیادہ ناموں یا چیزوں کا ذکر ہو تو ان تمام ناموں یا چیزوں کے درمیان سکتہ یا وقفہ (،) لگایا جاتا ہے۔

جیسے: امی بازار سے آلو، پیاز، ٹماٹر اورمٹر لے کر آئیں۔

(2) جب کچھ لوگوں کو مخاطب کیا جا رہا ہو۔

جیسے: عزیز بہنو، بھائیو اور بزرگو!




(3) جب کسی جملے میں کچھ الفاظ جوڑوں کی شکل میں استعمال ہوں۔

جیسے: زمین ہو یا آسمان، پہاڑ ہو یا وادیاں، دریا ہو یا سمندر، ہر چیز اللہ کی بنائی ہوئی ہے۔

## جملوں میں ختمہ (۔) اور وقفہ (،) کی علامات لگائیے۔

(1) دادا جان نے راشد سے کہا تم کیلے آم سیب اور انگور لے کر آؤ

(2) سارہ آمنہ عائشہ اور مریم کھیل رہے ہیں

(3) سردی ہو یا گرمی دھوپ ہو یا چھاؤں کسان محنت سے کام کرتا ہے

(4) عمر محنتی ذہین اور ایماندار طالب علم ہے

(5) سردی گرمی خزاں بہار یہ تمام موسم اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں





# حمد

خاص الفاظ

خُوش رنگ گُلشن اُجالا اندھیرا شے

سبھی کچھ خُدا کا بنایا ہوا ہے
یہ گُلشن اُسی کا لگایا ہوا ہے
یہ خُوش رنگ پھول اور پھل پیارے پیارے
یہ دِن اور سورج، یہ چاند اور تارے
ہر اِک شَے پہ میرے خُدا کی نظر ہے
وہ سب جانتا ہے، اُسے سب خبر ہے
اُجالا ہو یا چھا رہا ہو اندھیرا
ہے اُس کی نظر میں ہر اِک کام میرا















# مشق

(1) حروف جوڑیں اور پڑھیں۔

خُ + د + ا = خُدا ________

گُ + ل + ش + ن = ________

خُ + و + ش = ________

پھُ + و + ل = ________

سُ + و + ر + ج = ________

(2) الفاظ کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے جملوں میں انہیں تلاش کر کے دائرہ بنائیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنایا | اُسی | لگایا | یہ | شے | خبر | جانتا | نظر |

سبھی کچھ خُدا کا بنایا ہوا ہے
یہ گلشن اُسی کا لگایا ہوا ہے
ہر اِک شے پہ میرے خُدا کی نظر ہے
وہ سب جانتا ہے، اسے سب خبر ہے





## (3) ارکان ملائیں۔

جان + تا = ____________________

گُل + شن = ____________________

ان + دھے + را = ____________________

ن + ظر = ____________________

## (4) سوالات کے زبانی جواب دیں۔

(i) سب کچھ کس کا بنایا ہوا ہے؟

(ii) اللہ کی بنائی ہوئی چیزوں میں سے چند کے نام بتائیں۔

(iii) ہم چُھپ کر کوئی کام کیوں نہیں کر سکتے؟

## (5) زبانی جملے بنائیں۔

پھول　　　پیارے　　　اُجالا　　　سورج

# نعت

**خاص الفاظ**

حق　راہ بر　بُلند　فلک　ہادی

وہ حق کی باتیں بتانے والے
وہ سیدھا رستہ دکھانے والے
وہ راہ بر، رہنما ہمارے
نبی ﷺ ہمارے، نبی ﷺ ہمارے

بلند نبیوں میں نام اُن کا
فلک سے اُونچا مقام اُن کا
ہمارے ہادی، خُدا کے پیارے
نبی ﷺ ہمارے، نبی ﷺ ہمارے

(صوفی تبسّم)





# مشق

(1) حروف جوڑیں اور پڑھیں۔

ح + ق = حق ______________

و + ہ = ______________

ن + ا + م = ______________

ف + ل + ک = ______________

ہ + ا + د + ی = ______________

(2) درست لفظ کے گِرد دائرہ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| حک | حق | ہق |
| مقام | مکام | موقام |
| بولند | بالند | بُلند |
| فالک | فلک | فلق |
| سیدھا | سی دھا | سدھا |





(3) الفاظ کو دُرست ترتیب دے کر مصرعہ مکمل کریں۔

بتانے والے وہ حق کی باتیں ______________________

نام ان کا بلند نبیوں میں ______________________

مقام ان کا فلک سے اُونچا ______________________

خدا کے پیارے ہمارے ہادی ______________________

(4) مندرجہ ذیل سوالات کے زبانی جوابات دیں۔

(i) ہمیں رسول اللہ ﷺ نے کیسی باتیں بتائیں؟

(ii) ہمارے راہ بر اور رہنما کون ہیں؟

(iii) کن کے ناموں میں سب سے بلند نام ہمارے نبی ﷺ کا ہے؟

(5) ارکان ملائیں۔

سی + دھا = ______________________

رس + تہ = ______________________

نب + یوں = ______________________



# ہمارے نبی ﷺ

خاص الفاظ

پیار بچّہ پریشان راضی والدہ

ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ بچّوں سے بہت پیار کرتے تھے۔

ایک دن ایک بچّہ رو رہا تھا۔ حضرت محمد ﷺ اُس کے پاس سے گزرے اور اس کو اُداس دیکھ کر رُک گئے۔ حضرت محمد ﷺ نے بچّے سے رونے کی وجہ پوچھی۔ اُس نے بتایا کہ میرے ماں باپ نہیں ہیں۔

یہ سُن کر حضرت محمد ﷺ نے اُس بچّے کو پیار کیا اور فرمایا ،''بیٹا




پریشان نہ ہو۔ کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ میں تمھارا والد ہوں، اور حضرت عائشہؓ تمھاری والدہ؟"

## مشق

### حروف جوڑیں اور پڑھیں۔

ن + ب + ی = ________________

ب + چ + چ + ہ = ________________

د + ے + کھ = ________________

پ + ی + ا + ر = ________________

اُ + د + ا + س = ________________

### جملے بنائیں۔

دن ________________

رو ________________

اُداس ________________





## دیے گئے الفاظ غور سے پڑھیں اور جملوں میں انہیں تلاش کر کے اِن کے گرد دائرہ بنائیں۔

وجہ　　　پیار　　　والد　　　بچّہ

(1) ایک بچّہ رو رہا تھا۔
(2) حضرت محمد ﷺ نے بچّے سے رونے کی وجہ پوچھی۔
(3) حضرت محمد ﷺ نے اُس بچّے کو پیار کیا۔
(4) میں تمھارا والد ہوں۔

## زبانی جواب دیں۔

(1) حضرت محمد ﷺ بچّوں سے کیسے پیش آتے تھے؟
(2) حضرت محمد ﷺ کیا دیکھ کر رُک گئے؟
(3) بچّہ کیوں رو رہا تھا؟
(4) حضرت محمد ﷺ نے اُس کو کیا فرمایا؟





## دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

پاس        پیار        بچّوں        رو

(1) ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ______ سے بہت پیار کرتے تھے۔

(2) ایک دن ایک بچّہ ______ رہا تھا۔

(3) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُس کے ______ سے گُزرے۔

(4) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس بچّے کو ______ کیا۔

## الفاظ کو متضاد سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| دن | دُور |
| پاس | رات |
| رو | خوش |
| اُداس | ہنس |



# موسم کی بات

**خاص الفاظ** برسات ٹھنڈا لُو ہلکان

آؤ کریں موسم کی بات
سردی، گرمی اور برسات
جب سردی کا موسم آئے
سورج بھی ٹھنڈا پڑ جائے
گرمی آئے تو جائے جان
لُو سے ہو دُنیا ہلکان
پھر جب آجائے برسات
بارش برسے دن اور رات
آؤ کریں موسم کی بات
سردی، گرمی اور برسات

(سرشارصدیقی)









## مشق

(1) درست لفظ کے گرد دائرہ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| موصم | موسم | موثم |
| ہلکان | حلکان | ہلقان |
| باریش | بعارش | بارش |

(2) حروف ملا کر لفظ بنائیں۔

م + و + س + م ______________

س + و + ر + ج ______________

گ + ر + م + ی ______________

ب + ر + س + ے ______________

ٹھ + ن + ڈ + ا ______________





(3) سوالات کے جوابات دیں۔

نظم میں کن تین موسموں کے نام ہیں؟

_______________________________________________

سردی میں کیا ٹھنڈا پڑ جاتا ہے؟

_______________________________________________

گرمی میں لوگ کس وجہ سے ہلکان ہوتے ہیں؟

_______________________________________________

برسات میں دن اور رات کیا ہوتا ہے؟

_______________________________________________

(4) آپ کو کون سا موسم پسند ہے؟ کیوں؟

مجھے ____________________ پسند ہے

کیونکہ _______________________________________________

_______________________________________________



# دوسری چادر

خاص الفاظ: خلیفہ قمیص حاکم پوچھ گچھ

حضرت عمرؓ مسلمانوں کے خلیفہ تھے۔ ایک دِن وہ بہت سے لوگوں کے ساتھ مسجد میں بیٹھے تھے۔ ایک آدمی کھڑا ہو کر بولا ، "حضرت عمرؓ، آپ نے ہم سب کو قمیص بنوانے کے لیے ایک چادر کے برابر کپڑا دیا تھا۔ لیکن جو قمیص آپؓ نے پہنی ہے، وہ دو چادروں کے برابر کپڑے سے بنی ہے۔" کیا آپؓ نے اپنے لیے ہم سے زیادہ کپڑا رکھ لیا تھا؟"

کچھ لوگوں نے اُس آدمی کو کہا کہ حضرت عمرؓ ہمارے حاکم ہیں۔ تُم





اُن سے ایسے پوچھ گچھ مت کرو۔ لیکن حضرت عمرؓ نے اُس کے سوال کا جواب دینے کے لیے اپنے بیٹے کو بُلایا۔ ان کے بیٹے نے کہا، "میرے والد کے پاس صرف ایک چادر تھی۔ میں نے اپنے حصے کی چادر اُن کو دے دی تھی۔ اس طرح اُنھوں نے اپنے لیے یہ نئ قمیص بنوائی ہے"۔

## مشق

(1) درست لفظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ادمی | عادمی | آدمی |
| قمیص | قمیس | کمیض |
| ھاکم | حاکم | حاقم |
| حصّے | ھصے | حسے |
| بولایا | بالایا | بُلایا |





## (3) درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

(i) حضرت عمرؓ کون تھے؟

______________________________

(ii) حضرت عمرؓ کی قمیص کتنی چادروں کے برابر کپڑے سے بنی تھی؟

______________________________

(iii) حضرت عمرؓ کو کس نے اپنے حصے کی چادر دی تھی ؟

______________________________

## (4) ارکان ملائیں۔

خ + لی + فہ = ______________

حا + کم = ______________

بن + وا + ئی = ______________

او + لد = ______________

چا + در = ______________





## (5) مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے متضاد سے ملائیں۔

| الفاظ | متضاد |
| --- | --- |
| سوال | کم |
| دن | پُرانی |
| زیادہ | جواب |
| نئی | رات |

## (6) جملے بنائیں۔

| | |
| --- | --- |
| سوال | |
| مسجد | |
| چادر | |
| کپڑا | |
| قمیص | |



# خان پور کے سلیم چچا

خاص الفاظ

پھاٹک وردی تیز رفتار رکشا پٹری حادثوں

یہ سلیم چچا ہیں۔ یہ خان پُور کے پھاٹک نمبر 3 پر گارڈ ہیں۔ سلیم چچا روز صبح پانچ بجے اپنی وردی پہن کر پھاٹک کے پاس بیٹھ جاتے ہیں۔ وہ دن بھر یہیں رہتے ہیں اور محنت سے اپنا کام کرتے ہیں۔

اِس پھاٹک سے روزانہ بہت سی تیز رفتار ریل گاڑیاں گزرتی ہیں۔ سلیم چچا اِن ریل گاڑیوں کے آنے سے پہلے پھاٹک بند کر دیتے ہیں۔ تاکہ کوئی بھی گاڑی، رکشا، موٹر سائیکل یا شخص پٹری پر نہ آئے۔





سلیم چچا ہمیشہ کہتے ہیں کہ بچّوں کو ریل کی پٹڑی سے دُور رہنا چاہیے۔ جب پھاٹک بند ہو تو ہرگز اسے پار نہیں کرنا چاہیے۔ اس طرح ہم حادثوں سے بچ سکتے ہیں۔

## مشق

(1) دیے گئے الفاظ غور سے پڑھیں اور جملوں میں انہیں تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ بنائیں۔

محنت     دن     پھاٹک     پٹڑی     حادثوں

(i) یہ خان پُور کے پھاٹک نمبر 3 پر گارڈ ہیں۔

(ii) وہ دن بھر یہیں رہتے ہیں۔

(iii) وہ محنت سے اپنا کام کرتے ہیں۔

(iv) بچوں کو ریل کی پٹڑی سے دُور رہنا چاہیے۔

(v) اس طرح ہم حادثوں سے بچ سکتے ہیں۔




(2) سوالات کے جوابات دیں۔

(i) سلیم چچا کیا کام کرتے ہیں؟

---

(ii) وہ کتنے بجے اپنی وردی پہن کر پھاٹک پر آجاتے ہیں؟

---

(iii) سلیم چچا ریل گاڑیوں کے آنے سے پہلے پھاٹک کیوں بند کر دیتے ہیں؟

---

(3) ارکان ملائیے۔

پھا + ٹک = ________________

ور + دی = ________________

تے + ز = ________________

مح + نت = ________________




(4) جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| رکشہ | |
| وردی | |
| محنت | |
| پھاٹک | |
| پانچ | |

(5) الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| صُبح | |
| پاس | |
| تیز | |
| بند | |



# میٹھے بول

**خاص الفاظ** لَب انمول اِلزام ماحول

جب بھی بچّو بولو تُم
لَب اپنے جب کھولو تُم
مُنھ سے نکلیں میٹھے بول
بول بھی ایسے کہ انمول

کِسی کا اُلٹا نام نہ لو
کِسی کو تم اِلزام نہ دو
تب بدلے گا یہ ماحول
جب بولو گے میٹھے بول

(ضیاء اللہ محسن)







# مشق

(1) درست لفظ کے گرد دائرہ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| موں | مُنھ | مُنہ |
| ایلزام | عل زام | اِلزام |
| ماحول | ماہول | ماھول |
| مٹھیے | میٹھے | مٹھے |

(2) الفاظ کو درست ترتیب دے کر مصرعہ مکمل کریں۔

بچو بولو تم جب بھی ______________________

میٹھے بول مُنھ سے نکلیں ______________________

ایسے کہ انمول بول بھی ______________________

یہ ماحول تب بدلے گا ______________________





(3) مندرجہ ذیل سوالات کے زبانی جوابات دیں۔

(i) ہمیں کیسی باتیں کرنی چاہیں؟

---

(ii) دوسروں کا کیسا نام نہیں لینا چاہیئے؟

---

(iii) اچھی اور میٹھی باتیں کرنے سے ماحول کو کیا ہوتا ہے؟

---

(4) جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| بولو | |
| لب | |
| میٹھے | |
| اُلٹا | |
| اِلزام | |



# چاند

**خاص الفاظ**

غور۔ چمکتا۔ روشنی۔ گردش۔ گرہن

کیا آپ نے کبھی چاند کو غور سے دیکھا ہے؟ وہ رات کو آسمان پر چمکتا ہوا کتنا خوب صورت لگتا ہے! چاند کی اپنی کوئی روشنی نہیں ہوتی۔ جب سورج کی روشنی اس پر پڑتی ہے تو وہ روشن ہو جاتا ہے۔







چاند زمین کے گِرد گَردش کرتا ہے اور زمین سورج کے گِرد گھُومتی ہے۔ کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ زمین چانداور سورج کے درمیان آجاتی ہے۔ اس وجہ سے زمین کا سایہ چاند پر پڑتا ہے۔ بالکل ویسے ہی جیسے ہمارا سایہ زمین پر پڑتا ہے۔

جب ایسا ہوتا ہے تو چاند روشن نہیں ہوتا اور ہم کہتے ہیں کہ چاند کو گرہن لگ گیا ہے۔





# مشق

(1) دیے گئے الفاظ غور سے پڑھیں اور جملوں میں انہیں تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ بنائیں۔

چاند۔ روشنی۔ سایہ۔ روشن

(i) سورج کی روشنی اس پر پڑتی ہے۔

(ii) کیا آپ نے کبھی چاند کو غور سے دیکھا ہے؟

(iii) وہ روشن ہو جاتا ہے۔

(iv) ہمارا سایہ زمین پر پڑتا ہے۔

(2) ارکان ملائیں۔

دے + کھا = __________

رو + ش + نی = __________

چ + مک + تا = __________

ز + می + ن = __________





(3) درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

(i) چاند کس کے گرد گردش کرتا ہے؟

---

(ii) کس کی روشنی سے چاند روشن ہو جاتا ہے؟

---

(iii) جب چاند روشن نہیں رہتا تو ہم کیا کہتے ہیں؟

---

(4) مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے متضاد سے ملائیں۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| رات | آسمان |
| روشنی | دن |
| زمین | تاریکی |



# سچّا سُلطان

**خاص الفاظ** سچّا سُلطان بیج احتیاط ایمان داری

دُور کسی مُلک میں ایک سُلطان رہتا تھا۔ ایک دن اس نے اپنے بیٹوں کو اپنے پاس بُلایا۔ اس نے ہر بیٹے کو ایک بیج دیا اور کہا "اس بیج کو ایک سال تک اُگاؤ۔ ایک سال بعد جس کا پودا مجھے سب سے زیادہ




پسند آئے گا، وہی میرے بعد سُلطان بنے گا"۔



سب بچوں میں سب سے چھوٹا سلیم تھا۔ وہ صرف دس سال کا تھا۔ اس نے بہت احتیاط سے بیج کو گملے میں بویا۔ وہ روز اس کو پانی دیتا اور اس کا خیال کرتا۔ دن گزرتے گئے لیکن بیج سے کوئی پودا نہیں نکلا۔

آخر ایک سال گزر گیا اور سب لڑکے سُلطان کے پاس اپنے اپنے پودے لائے۔ سلیم کے علاوہ سب کے پاس خوب صورت پھولوں والے پودے تھے۔







سُلطان نے باری باری سب کے پودے دیکھے اور آخر کار بولا: "میں نے آپ سب کو خراب بیج دیے تھے۔ ان سے کبھی پودا نہیں اُگ سکتا تھا۔ صرف سلیم نے ایمان داری سے وہی بیج اُگایا ہے جو میں نے دیا تھا۔ میرے بعد سلیم ہی آپ کا سُلطان ہوگا۔"







# مشق

(1) سوالات کے جوابات دیں۔

سُلطان نے اپنے بیٹوں کو کیا دیا؟

---

سلیم کتنے سال کا تھا؟

---

سلیم نے بیج کے ساتھ کیا کِیا؟

---

سب لڑکوں کے پاس کیا تھا؟

---

سُلطان سلیم کی کس عادت پر خوش ہوا؟

---





(2) جملوں میں سے اسم اور فعل ڈھونڈ کر لکھیں۔

سلیم نے بیج کو گملے میں بویا۔

سلیم روز پودے کو پانی دیتا تھا۔

سُلطان نے ہر بیٹے کو ایک بیج دیا۔

| فعل | اسم |
|---|---|
| | |

(3) دُرست املا والے لفظ کے گرد دائرہ بنائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| صلطان | ثلطان | سُلطان |
| روظ | روز | روذ |
| احطیات | احتیاط | اضتیات |



# علم کا شوق

خاص الفاظ　اہمیت　بیتُ الحِکمت　سائنس　ایجاد　مشین

آج سے بارہ سو سال پہلے کی اسلامی دنیا میں علم کو بہت اہمیت حاصل تھی۔ اس زمانے میں بغداد میں "بیتُ الحِکمت" کھولا گیا۔

بیتُ الحِکمت کا مطلب ہے "علم کا گھر"۔ بیتُ الحکِمت میں دُنیا بھر سے سائنس اور ریاضی کی ہزاروں کتابیں رکھی گئی تھیں۔

مُسلمان علماء اور طلباء ان کتابوں کو پڑھتے تھے۔اس کے بعد





وہ اپنے تجربے کرتے اورمزید کتابیں لکھتے تھے۔

مُسلمانوں نے اس دَور میں بہت کچھ ایجاد کیا۔ جیسا کہ الجزری نے ایک ایسی مشین بنائی جو زمین کے نیچے سے پانی نکال سکتی تھی۔ مریم اجلیہ ایسی چھوٹی مشینیں بناتی تھیں جن سے قبلے کی سمت کا پتا چلایا جاتا تھا۔ الزہراوی نے ایک ایسا دھاگہ بنایا جو آج بھی ڈاکٹر زخم سینے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

اس طرح علم حاصل کرنے کے شوق کی وجہ سے مُسلمانوں نے بہت ترقی کی اور دُنیا کو بہت فائدہ پہنچایا۔

## مشق

(1) مندرجہ ذیل الفاظ کے حروف الگ کریں۔

علم ________________________

ریاضی ________________________

تجربہ ________________________

مشینیں ________________________





(2) سوالات کے جوابات دیں۔

(i) بیتُ الحِکمت کہاں کھولا گیا؟

_______________

(ii) بیتُ الحِکمت کا کیا مطلب ہے؟

_______________

(iii) مریم اجلیہ کی ایجاد سے کس کی سمت کا پتا چلایا جا سکتا تھا؟

_______________

(3) دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

مشین　　مُسلمانوں　　تجربوں　　بیتُ الحِکمت

بغداد میں ____________ کھولا گیا۔

مریم اجلیہ کی ________ سے قبلے کی سمت کا پتا چلتا۔

مُسلمانوں کے ________ سے سائنس میں بہت ترقی ہوئی۔

__________ نے اُس دَور میں بہت ترقی کی۔

 

(4) درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان بنائیں۔

(i) بیتُ الحِکمت کا مطلب ہے بادشاہ کا گھر۔

(ii) بیتُ الحِکمت میں ریاضی اور سائنس کی کتابیں رکھی گئی تھیں۔

(iii) الجزری نے ایسی مشین بنائی جو زمین کے نیچے سے مٹی نکالتی تھی۔

(iv) مریم اجلیہ کی مشین سے قبلے کی سمت کا پتا چلتا تھا۔

(v) الزہراوی نے ایسی سوئی بنائی جس سے زخم سیتے ہیں۔

(5) جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| دُنیا | |
| کتابیں | |
| ایجاد | |
| استعمال | |
| شوق | |

# چھوٹی چیونٹی

**خاص الفاظ:** فُرصت مشقّت ہمّت آفریں

نہیں کام سے شام تک تجھ کو فُرصت
ذرا سی تو جان اور اس پہ یہ محنت
بہت جھیلتی ہے مشقّت ، مصیبت
نہیں ہارتی پر کبھی اپنی ہمّت
اری چھوٹی چیونٹی ! تجھے آفریں ہے

نہ کھو سُستی میں وقت ، مہلت ہے تھوڑی
وہی کام کر ، جس سے مالک ہو راضی
کہ جس نے تجھے زندگانی عطا کی
یہ عمدہ سبق ہم کو دیتی ہے چیونٹی
اری چھوٹی چیونٹی ! تجھے آفریں ہے

(اسماعیل میرٹھی)







# مشق

(1) الفاظ کو معنی سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| عمدہ | کم |
| راضی | اعلیٰ |
| مہلت | خوش |
| فُرصت | وقت |
| تھوڑی | فراغت |

(2) حروف جوڑ کر لفظ بنائیں۔

چ + ی + و + ن + ٹ + ی = ____________________

آ + ف + ر + ی + ں = ____________________

ف + ر + ص + ت = ____________________

ہ + م + م + ت = ____________________

م + ہ + ل + ت = ____________________





(3) نظم کے مطابق جواب دیں۔

چیونٹی کو کس چیز سے فرصت نہیں ملتی؟

---

چیونٹی کے کام سے کون راضی ہوتا ہے؟

---

اس نظم سے آپ کو کیا سبق ملتا ہے؟

---

(4) درست لفظ کے گرد دائرہ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| فُرصت | فرست | فورست |
| موسیبت | مصیبت | مسیبت |
| حمت | ہمط | ہمّت |
| مشقط | مشکت | مشقّت |
| عمدہ | امدا | عمدا |



# کبڈّی

**خاص الفاظ** مشہور مقابلہ مخالف کھلاڑی سانس

کبڈّی پاکستان کے صوبہ پنجاب کا ایک مشہور کھیل ہے۔ یہ ایک ایسا کھیل ہے جس میں کسی بھی سامان کی ضرورت نہیں ہوتی۔

کبڈّی میں دو ٹیموں کے درمیان مقابلہ ہوتا ہے۔ ہر ٹیم میں سات کھلاڑی ہوتے ہیں۔ ایک میدان کو دو حصوں





میں بانٹ کر درمیان میں ایک لکیر لگا دی جاتی ہے۔ باری باری ہر ٹیم میں سے ایک کھلاڑی دوسری ٹیم کے حصّے میں جاتا ہے۔ اُس کی کوشش ہوتی ہے کہ مخالف ٹیم کے کسی کھلاڑی کو ہاتھ لگا کر واپس اپنے حصے میں آ جائے مخالف ٹیم اُسے ایسا کرنے سے روکتی ہے۔ اگر وہ واپس پہنچ جائے تواُس کی ٹیم کو نمبر ملتے ہیں۔

اور ہاں! سب سے دلچسپ بات یہ ہے کہ جو کھلاڑی مخالف ٹیم کے حصے میں جاتا ہے، اُسے ایک سانس میں بار بار" کبڈّی کبڈّی" ! دُہرانا ہوتا ہے۔ اگر اُس کا سانس ٹوٹ جائے،تو وہ کھیل سے نکال دیا جاتا ہے۔ تو بتائیں، کیا آپ یہ کھیل کھیل سکتے ہیں؟





# مشق

(1) ارکان ملائیے۔

پا + کس + تان = ____________________

پن + جاب = ____________________

مش + ہو + ر = ____________________

کھے + ل = ____________________

مے + دان = ____________________

(2) جواب لکھیں۔

(i) کبڈّی کا کھیل پاکستان کے کس صوبے میں کھیلا جاتا ہے؟

____________________

(ii) کبڈّی میں ہر ٹیم میں کتنے کھلاڑی ہوتے ہیں؟

____________________

(iii) کھیل کے دوران کھلاڑی ایک سانس میں کیا کہتے ہیں؟

____________________





(3) مثال کی طرح سوال کے جواب دیں۔

س۔ کیا کبڈّی ایک مشہور کھیل ہے ؟

ج۔ جی ہاں ، کبڈّی ایک مشہور کھیل ہے ۔

کیا کبڈّی میں دو ٹیموں میں مقابلہ ہوتا ہے ؟

______________________________

کیا ہر ٹیم میں چار کھلاڑی ہوتے ہیں ؟

______________________________

کیا کھلاڑی "کبڈّی کبڈّی" دُہراتا ہے ؟

______________________________

(4) جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| کھیل | |
| مشہور | |
| دلچسپ | |





# قائداعظمؒ



وہ سیاست دان تھے
وہ عظیم انسان تھے
وہ اٹھے، آگے بڑھے
اک عقیدے کو لیے
دیکھتے ہی دیکھتے
ہر طرف پھر چھا گئے
جس پر سب حیران تھے
وہ عظیم انسان تھے
بات نظریے کی تھی
جس میں قوّت ہے بڑی
قوم اکٹھی ہو گئی
قوم ان کا جسم تھی
قوم کی وہ جان تھے
وہ عظیم انسان تھے





# مشق

(1) الفاظ کی ترتیب دُرست کر کے مصرعہ لکھیں۔

تھے وہ انسان عظیم ______________________

چھا گئے پھر ہر طرف ______________________

تھی قوم ان کا جسم ______________________

کی تھی نظریے بات ______________________

(2) ایک جیسی آواز والے لفظ بنایئے۔

سب ________ جان ________ بات ________

(3) ارکان ملا کر لفظ بنایئے۔

ع + ظی + م = ______________________

قو + وت = ______________________

حے + ران = ______________________

اِ + کھ + ٹھی = ______________________

اِن + سان = ______________________





(4) الفاظ کے معنی لکھیں ۔

| | |
|---|---|
| عظیم | |
| عقیدے | |
| قوّت | |
| قائد | |

(5) اپنے استاد یا والدین سے قائداعظمؒ کے متعلق پوچھیں ۔

قائداعظمؒ کون تھے ؟

---

قائداعظمؒ کا اصل نام کیا تھا؟

---



# چین

خاص الفاظ

ہوائی اڈے　تجسّس　مخصوص　قدیم　ترقّی

عمر کے ماموں پانچ سال بعد چین سے پاکستان واپس آئے تھے۔ عمر اپنے نانا کے ساتھ ماموں کو لاہور کے ہوائی اڈے سے لینے گیا۔ عمر کو چین کے بارے میں بہت تجسّس ہو رہا تھا۔ عمر اور ماموں گاڑی میں بیٹھے ہی تھے کہ وہ بولا: ماموں چین، پاکستان سے کتنا دُور ہے؟

ماموں: بیٹا ویسے تو چین پاکستان کا ہمسایہ ملک ہے، لیکن میں چین کے

شہر بیجنگ میں رہتا تھا۔ ہوائی جہاز سے وہاں پہنچنے میں سات گھنٹے لگتے ہیں۔

عمر: ماموں بیجنگ کیسا ہے؟ امّی بتا رہی تھیں کہ وہاں کوئی اُردو نہیں بولتا۔

ماموں: ہاں بیٹا، چینی اپنی مخصوص اور قدیم زبان بولتے ہیں جو انہوں نے خود ایجاد کی ہے۔ جیسا کہ جب وہ کسی سے ملتے ہیں، تو کہتے ہیں "نی ہاؤ"

عمر: ماموں مجھے چین کے بارے میں کچھ اور بتائیں؟

ماموں: چین آبادی کے لحاظ سے دُنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ پچھلے







پچاس سالوں میں چین نے بہت ترقی کی ہے وہاں کے لوگ بہت محنتی ہیں۔ چین میں بہت سے کارخانے ہیں۔ وہاں لوگ دِن رات محنت کرتے ہیں۔ اُن کی محنت سے بنی ہوئی چیزیں دُنیا بھر میں بیچی جاتی ہیں۔

نانا: لو! گھر آ گیا۔ باقی باتیں اندر چل کر کرنا۔

عمر گاڑی سے اُتر کر گھر کی طرف بھاگا اور امی کو بلند آواز میں بولا "نی ہاؤ!"

## مشق

(1) ارکان ملائیے۔

پا + کس + تان = ______________________

ت + جس + س = ______________________

بے + ٹھ = ______________________

گھن + ٹے = ______________________

ہم + سا + یہ = ______________________




(2) درست جواب کے گرد دائرہ بنائیں۔

(i) چین سے کون آیا تھا؟

نانا ماموں

دادا چچا

(ii) عمر نانا کے ساتھ کہاں گیا تھا؟

لاری اڈا ریلوے سٹیشن

ہوائی اڈا چین

(iii) ماموں چین کے کس شہر میں رہتے تھے؟

بیجنگ ہانگ کانگ

شنگھائی چین

(iv) چینی جب کسی سے ملتے ہیں تو کیا کہتے ہیں؟

ہیلو ہائے

نی ہاؤ ہاؤ





(3) دیے گئے الفاظ کو معمّے میں ڈھونڈ کر دائرہ بنائیں۔

مُلک۔ جہاز۔ شہر۔ اُردو۔ ایجاد

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | ی | ج | ا | د |
| چ | ر | م | ل | ک |
| ا | ی | د | س | ش |
| ن | ا | ن | و | ہ |
| ج | ہ | ا | ز | ر |

(4) چین کے لوگوں کی اچھی عادت بتائیں۔

________________________________________

(5) اپنے گھر والوں یا استاد سے پاکستان کے ہمسایہ ممالک کے نام پوچھ کر لکھیں۔

__________ __________ __________ __________



# صفائی

**خاص الفاظ**

سکول بہترین حاضری انعام

نور اور احمد کو آج سکول میں بہترین حاضری پر انعام ملا۔ دونوں بچوں نے پچھلے سال سکول سے ایک دن بھی چھُٹّی نہیں کی تھی۔ جماعت میں سب بچوں نے نور اور احمد سے پوچھا کہ وہ کس طرح روز حاضر ہوتے ہیں؟ آئیں دیکھیں نور اور احمد نے انہیں کیا بتایا:







ہم پینے کا پانی اُبال کر استعمال کرتے ہیں، پھر اس کو ڈھانپ کر رکھتے ہیں۔



ہم اپنے گھر اور گلی کو صاف رکھتے ہیں۔ ہمارے گھر کے پاس ایک نالی تھی۔ ہم سب محلے والوں نے مل کر اس کو اینٹوں سے ڈھانپ دیا ہے۔



ہمارے گھر میں ابُوّ نے لیٹرین بنوائی ہے۔ ہم سب اس کا استعمال کرتے ہیں، اور اُسے صاف رکھتے ہیں۔



ہم لیٹرین استعمال کرنے کے بعد اور کھانا کھانے سے پہلے صابُن سے ہاتھ دھوتے ہیں۔





# مشق

(1) ہم آواز الفاظ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| | سال |
| | نالی |
| | دن |
| | گھر |

(2) ارکان جوڑ کر لفظ بنائیں۔

پی + نے = ____________________

پچھ + لے = ____________________

اس + تع + مال = ____________________

بی + مار + یوں = ____________________

(3) سوالات کے جواب دیں۔

نور اور احمد کھانا کھانے سے پہلے کیا کرتے ہیں؟

____________________

نور اور احمد کی امّی پینے کا پانی کس طرح استعمال کرتی ہیں؟

____________________

# بہادر کسان

**خاص الفاظ** اندھیرے گھڑی ترکاریاں جہاں

سویرے اندھیرے اندھیرے اُٹھا
لیے بیل کھیتوں کی جانب چلا
ہے سارا زمانہ ابھی سو رہا
مگر اِس کا یہ وقت ہے کام کا
اِسے ہر گھڑی کام ہی کا دھیان
بڑا محنتی ہے بہادر کسان
ہے دُنیا کی جنت فقط اِس کے پاس
یہ محنت سے کرتا ہے سب کام راس
یہ ترکاریاں ، یہ اناج اور کپاس
پھلوں کا مزا اور پھولوں کی باس
اِسی سے تو لیتا ہے سارا جہاں
بڑا محنتی ہے بہادر کسان

(حفیظ جالندھری)






# مشق

(1) حروف جوڑ کر الفاظ بنائیں۔

ب + ے + ل = ________

ج + ا + ن + ب = ________

ز + م + ا + ن + ہ = ________

و + ق + ت = ________

گھ + ڑ + ی = ________

(2) ارکان بنائیے۔

(i) ان + ____ + رے = اندھیرے

(ii) ب + ہا + ____ = بہادر

(iii) ____ + یا + ن = دھیان

(iv) ____ + نت = محنت

(v) تر + ____ + ری = ترکاری





(3) جملے بنائیں۔

وقت۔ کام۔ بہادر۔ محنتی

(4) دیے گئے الفاظ میں سے اسم ڈھونڈیں اور اُن کے گرد دائرہ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| چلنا | گھر | دوڑا |
| گھوڑا | کسان | کھایا |
| ہورہا | کھیت | کرتا |
| بیل | اناج | کھیلو |
| محنتی | پھل | پھول |

(5) دُرست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

(i) کسان دوپہر کو اُٹھتا ہے۔

(ii) کسان بہت محنتی ہے۔

(iii) کھیتوں میں بیل کام کرتے ہیں۔





(iv) کسان کو بس اپنے آرام کا خیال ہے۔

(v) کسان سے سب اناج لیتے ہیں۔

## (6) سوالوں کے جواب دیں۔

(i) کسان کب اُٹھتا ہے ؟

(ii) اُسے ہر گھڑی کس بات کا خیال رہتا ہے؟

(iii) کسان بہادر کیوں ہے؟

(iv) سارا جہان اُس سے کیا لیتا ہے؟

(v) کسان اپنا کام نہ کرے تو کیا ہوگا؟



# ہم ایک ہیں

خاص الفاظ تقریب نظارے صحرا سیّاح وادیاں

آج مینارِ پاکستان کے آس پاس بہت رونق تھی۔ 23 مارچ کی خوشی میں ایک تقریب تھی۔ اس میں تمام صوبوں سے بچّے آئے تھے۔ سٹیج پر اعلان ہوا " اب ہم چاروں صوبوں سے آئے ننھّے پاکستانیوں کو دعوت





دیتے ہیں کہ وہ آئیں اور ہمیں اپنے صوبے کے بارے میں بتائیں۔"

مریم : میں مریم ہوں۔ یہ میرے ساتھی بِلال ہیں۔ ہم دونوں سندھ کے شہر سکّھر میں رہتے ہیں۔

بلال: سندھ میں طرح طرح کے نظارے ہیں۔ پاکستان کا سب سے بڑا صحرا "تھر"، سندھ میں ہے۔ سندھ کے جنوب میں بہت بڑا سمندر ہے جس کو بحیرۂ عرب کہتے ہیں۔

زارا: میرا نام زارا ہے۔ میں اور علی پنجاب میں رہتے ہیں۔ پنجاب کا مطلب ہے پانچ پانی، یعنی وہ صوبہ جہاں پانچ دریا بہتے ہیں۔

علی: پنجاب میں بہت سے ہَرے بھرے کھیت ہیں۔ جہاں گندم، کپاس اور چاول کی فصلیں اُگتیں ہیں۔

آدم: میں آدم ہوں، اور میرے ساتھ ماہ گُل ہے، ہم صوبہ بلوچستان سے ہیں۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔

ماہ گُل: ہمارے صوبے کی وادیوں میں طرح طرح کے پھل اُگتے ہیں جیسا کہ انار، انگور، کھجور اور بادام۔





اسفند: میرا نام اسفند ہے۔ میں اور زرینہ خیبرپختونخوا کے شہر پشاور میں رہتے ہیں۔

زرینہ: ہمارے صوبے میں اُونچے اُونچے پہاڑ، خوب صورت وادیاں اور ٹھنڈے پانی کے چشمے ہیں۔ دُور دُور سے سیّاح ان وادیوں کی سیر کو آتے ہیں۔

اس کے بعد سب بچوں نے ایک زبان ہو کر کہا: ہمارا لباس اور زبانیں ایک دوسرے سے مختلف ہیں، لیکن ہم سب پاکستانی ہیں۔ یہ کہہ کر سب بچوں نے پاکستان کا سبز اور سفید پرچم مل کر لہرایا، اور یہ ترانہ گایا۔

"اس پرچم کے سائے تلے ہم ایک ہیں، ہم ایک ہیں"

## مشق

(1) سبق میں چار بچوں کے نام تلاش کر کے خالی جگہ میں لکھیں۔

__________ __________ __________ __________

 

(2) ارکان ملائیں۔

گن + دُم = ______

صح + را = ______

آ + با + دی = ______

مخ + ت + لف = ______

پا + کس + تان = ______

(3) سوالات کے جوابات دیں۔

(i) 23 مارچ کی خوشی میں تقریب کہاں ہو رہی تھی؟ ______

(ii) مریم اور بلال سندھ کے کس شہر میں رہتے ہیں؟ ______

(iii) سندھ کے جنوب میں جو سمندر ہے اُس کا نام کیا ہے؟ ______

(iv) کس صوبے میں پانچ دریا بہتے ہیں؟ ______

(v) رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ کون سا ہے؟

______





(vi) اسفند اور زرینہ خیبرپختونخوا کے کون سے شہر میں رہتے ہیں؟ ______________________

(vii) پاکستان کے پرچم میں کون سے دو رنگ ہیں؟

______________________

## (4) خالی جگہ میں پاکستان کے چاروں صوبوں کے نام لکھیں۔

(i) ______________ (ii) ______________

(iii) ______________ (iv) ______________

## (5) درست لفظ کے گرد دائرہ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| رونق | رونک | رونخ |
| سوبہ | صوبہ | صوبا |
| سھرا | سحرا | صحرا |
| اُونچے | اُنچے | عونچے |
| نزارے | نظارے | نضارے |

(6) درج ذیل جملوں میں اسم کے گرد دائرہ بنائیں۔

(i) یہ میرے ساتھی بلال ہیں۔

(ii) پنجاب کا مطلب ہے پانچ پانی۔

(iii) ہمارے صوبے میں انار، انگور اور بادام اُگتے ہیں۔

(iv) میں آدم ہوں۔

(7) کیا آپ جانتے ہیں؟

پاکستان کے پرچم میں سبز رنگ مُسلمانوں اور سفید رنگ غیرمُسلموں کی نمائندگی کو ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان کا پرچم بنائیں۔



# مری کی سیر

**خاص الفاظ** خیریت چھٹیاں علاقہ سردی

۲۰ مال روڈ مری
۲ دسمبر ۲۰۱۰
پیاری آمنہ!

السّلامُ علیکم!

اُمید ہے تم خیریت سے ہوگی۔





میں بالکل خیریت سے ہوں۔ آج کل سردیوں کی چھٹیاں گزارنے خالہ کے پاس مری آئی ہوں۔ یہاں بہت سردی ہے۔

آج صبح ہم ایوبیہ گئے۔ ایوبیہ پہاڑوں سے گھرا ہوا ایک خوب صورت علاقہ ہے۔ ہرطرف اونچے اونچے درخت ہیں۔ ہم نے برف میں خوب کھیلا۔ مزہ تو بہت آیا۔ لیکن ہاتھ بالکل جم گئے۔ ایوبیہ میں ہم نے بہت سے بندر بھی دیکھے۔ لوگ آتے جاتے اُن کو کھانا کھلا رہے تھے۔ شام ہوئی تو ہم مری واپس آگئے۔

مری کے مال روڈ پر بہت سی دُکانیں ہیں۔ میں نے وہاں سے تمھارے لیے چُوڑیاں خریدی ہیں۔ ہم نے سردی میں گرم گرم پکوڑے اور اُبلے ہوئے انڈے بھی کھائے۔ اب بہت تھک گئی ہوں۔ باقی باتیں اگلے خط میں لکھوں گی۔ سب گھر والوں کو میرا سلام دو۔

تمھاری دوست

نور





# مشق

(1) دیے گئے الفاظ غور سے پڑھیں اور جملوں میں انہیں تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ بنائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| خیریت | صُبح | شام | کھیلا |

(i) میں بالکل خیریت سے ہوں۔

(ii) شام ہوئی تو ہم مری واپس آ گئے۔

(iii) ہم نے برف میں خوب کھیلا۔

(iv) آج صُبح ہم ایوبیہ گئے۔

(2) ارکان ملائیے۔

گُ + زار + نے = ____________

کھے + لا = ____________

دُ + کا + نیں = ____________

پ + کو + ڑے = ____________





(3) واحد کی جمع بنائیں۔

| سردی | پہاڑ | پکوڑا | دُکان | انڈا |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

(4) جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| اُمید | |
| صُبح | |
| دُکانیں | |
| تھک | |
| باتیں | |

(5) جواب لکھیں۔

(i) خط کس نے لکھا ہے؟ ______________





(ii) خط کس کے نام لکھا گیا ہے؟ ______________________

(iii) خط میں کہاں کی سیر کا ذکر ہے؟ ______________________

(iv) لوگ آتے جاتے کن کو کھانا کھلا رہے تھے؟ ______________

(v) مری کی کس روڈ پر بہت سی دُکانیں ہیں؟ ______________

(6) مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| آج | |
| صُبح | |
| سردی | |
| نیچے | |
| پچھلے | |

# ساری دُنیا اپنا گھر ہے

**خاص الفاظ** آپا دھاپی رنگیلے سجاؤ

ساری دُنیا اپنا گھر ہے
مِل کر اسے سجاؤ
آپا دھاپی چھوڑ کے بچو!
پیار کے دِیے جلاؤ
مِل کر کھیلیں ، مل کر کھائیں
مِل کر سیر کو جائیں
رنگ رنگیلے پھولوں والا
پیار کا باغ لگائیں
اچھے کاموں سے اب
اپنی شان بڑھاؤ
ساری دُنیا اپنا گھر ہے
مِل کر اسے سجاؤ

(نظر زیدی)







# مشق

## (1) ارکان ملائیں۔

دن + یا = ________________

س + جا + ؤ = ________________

بچ + چو = ________________

سے + ر = ________________

## (2) ارکان بنائیں۔

(i) ___ + گی + لے = رنگیلے

(ii) پی + ___ + ر = پیار

(iii) اچھ + ______ = اچھے

(iv) ___ + لیں = کھیلیں

(v) ___ + جا + ؤ = سجاؤ





(3) ہم آواز الفاظ ملائیں۔

| | |
|---|---|
| سجاؤ | آن |
| کھائیں | ناموں |
| شان | آری |
| ساری | لگائیں |
| کاموں | جلاؤ |

(4) دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

باغ، دیے، سیر، سجاؤ، اچھّے اچھے۔

(i) پیار کا ________ لگائیں۔

(ii) مل کر اسے ________

(iii) ________ کاموں سے اب

(iv) پیار کے ________ جلاؤ۔

(v) مل کر ________ کو جائیں



# احترام کریں

خاص الفاظ: صحن جھنڈیوں بکھری پِھسل احترام آئندہ

۱۴ اگست کو راحم صبح جلدی جاگ گیا۔ اس نے سب گھر والوں کے جاگنے سے پہلے پورے صحن کو جھنڈیوں سے سجا دیا۔ امی ابو جاگ کر باہر آئے تو صحن دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔

شام کو بارش ہوئی تو سب جھنڈیاں بھیگ گئیں۔ کچھ یہاں، کچھ وہاں بکھری ہوئی پڑی تھیں۔ راحم نے کھڑکی سے باہر دیکھا تو نانی جان گیلے فرش سے جھنڈیاں اُٹھا رہی تھیں ۔ وہ ان کی مدد کرنے کے لئے فوراً بھاگا۔



راحم نے نانی کے ساتھ جھنڈیاں زمین سے اٹھائیں اور اُن کو گھر میں لایا۔ اندر آکر وہ بولا، "نانی، ہم جھنڈیاں بعد میں اٹھالیتے۔ اگر آپ گیلے فرش پر پھِسل جاتیں تو آپ کو چوٹ لگ جاتی۔" نانی نے کہا،





"راحم بیٹا، آپ نے جھنڈیاں بہت شوق سے لگائی تھیں، لیکن وطن اور پرچم کے لیے محبت صرف چند گھنٹوں کے لیے نہیں ہوتی۔ ہمیں ہمیشہ اپنے پرچم کا احترام کرنا چاہیئے۔ اگر یہ پرچم کی شکل کی جھنڈیاں زمین پر گریں تو ہمارے پرچم کی توہین ہوتی ہے۔ آئندہ اگر تمہیں کوئی بھی جھنڈی زمین پر گری ہوئی ملے تو اس کو اُٹھا کر سنبھال لینا۔"

## مشق

(1) مختصر جواب دیں۔

(i) ۱۴ اگست کو راحم نے صحن کو کس چیز سے سجایا تھا؟

---

(ii) شام کو جھنڈیاں کیوں بھیگ گئی تھیں؟

---

(iii) نانی بارش میں کیا کر رہی تھیں؟

---

(iv) اگر آپ کو پاکستان کا جھنڈا زمین پر گرا ہوا ملے، تو آپ کیا کریں گے؟

---





(2) متضاد لکھیے۔

| الفاظ | متضاد |
| --- | --- |
| جلدی | |
| باہر | |
| گیلا | |
| بعد | |
| محبت | |

(3) حروف الگ کریں۔

(i) صُبح = ____________________

(ii) جھنڈیاں = ____________________

(iii) زمین = ____________________

(iv) احترام = ____________________

(v) پھسل = ____________________





(4) جملے بنائیے:

(i) چوٹ ________________________________

(ii) کھڑکی ________________________________

(iii) احترام ________________________________

(iv) پھسل ________________________________

(v) جھنڈیاں ________________________________

(5) پہلا حرف بدل کر نئے الفاظ بنائیے، جیسے:

گ ی ل ا (گیلا) پ ی ل ا (پیلا) ن ی ل ا (نیلا)

ن ا ن ی (نانی) ______________ ______________

و ہ ا ں (وہاں) ______________ ______________

ج ا گ (جاگ) ______________ ______________

اُ ن (ان) ______________ ______________







# اقوالِ زرّیں

شیخ سعدیؒ ایک عظیم شاعر تھے۔ وہ آٹھ سو سال پہلے ایران میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے بغداد کے مدرسہ نظامیہ سے تعلیم حاصل کی۔ ان کی دو کتابیں، "بوستانِ سعدی" اور "گلستانِ سعدی" آج بھی دُنیا بھر میں بہت مشہور ہیں۔

آئیں ان کے کچھ اقوال پڑھیں۔

"صبر کرنا سیکھو۔ بے شک ہر مشکل کے بعد آسانی ہے۔"

"تھوڑا تھوڑا مِل کر بہت ہو جاتا ہے۔ غلّے کا ڈھیر ایک ایک دانے سے مِل کر بنتا ہے، اور قطرہ قطرہ مِل کر بارش بنتا ہے۔"

"سچّا دوست وہ ہوتا ہے جو پریشانی اور تنگی میں اپنے دوست کا ساتھ نہیں چھوڑتا"





# مشق

(1) مختصر جواب دیں۔

(i) شیخ سعدیؒ کون تھے؟

_______________________________________________

(ii) شیخ سعدیؒ کہاں پیدا ہوئے؟

_______________________________________________

(iii) شیخ سعدیؒ کی کتابوں کے نام لکھیے۔

_______________________________________________

(2) خالی جگہ پُر کریں:

ہر مشکل کے بعد ____________________ ہے۔

تھوڑا مِل کر ____________________ ہو جاتا ہے۔

سچا دوست پریشانی میں اپنے دوست کا ____________ ۔




## پوچھنے اور بتانے سے معلومات میں اضافہ ہوتا ہے




## اچھے چٹ پٹے کھانے ہمیشہ سے انسان کی پسند رہے ہیں

# ترانۂ ملّی

بڑھے چلو بڑھے چلو بڑھے چلو
بلند ہمتیں لیے
سپاہیو! بڑھے چلو
بہادرو! بڑھے چلو
بڑھے چلو بڑھے چلو
بڑھے چلو بڑھے چلو بڑھے چلو
یہی تمھاری شان ہے
اسی میں ساری آن ہے
یہی عمل کی جان ہے
بڑھے چلو بڑھے چلو بڑھے چلو
وہ منزلیں بھی ہیں جہاں
پڑی نہیں نظر ابھی
ہیں اور راہ گزر ابھی
بہت سے ہیں سفر ابھی
بڑھے چلو بڑھے چلو بڑھے چلو
یہ بات دلنشیں رہے
جو ملّتیں ہیں سرفراز
وہ جانتی ہیں ایک راز
ہے کارِ زندگی دراز
بڑھے چلو بڑھے چلو بڑھے چلو
نشیب ہو کہ ہو فراز
یہ قافلہ جہاں رہے
یونہی رواں دواں رہے
بلند یہ نشاں رہے
بڑھے چلو بڑھے چلو بڑھے چلو

(صوفی تبسّم)




# اپنی خوشیوں میں دوسروں کو بھی شریک کریں

## مشق

-1 ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں، درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں:

-i پوچھنے اور بتانے سے اضافہ ہوتا ہے۔

(ا) جہالت میں (ب) ہمت میں

(ج) معلومات میں (د) اختیارات میں

-ii آنکھوں دیکھی چیز کو کہتے ہیں۔

(ا) مجاہدہ (ب) مشاہدہ

(ج) مناظرہ (د) مقالہ

-iii ہم دوسروں کے دُکھ درد کم کرسکتے ہیں۔

(ا) درد میں شریک ہوکر (ب) درد میں شریک نہ ہوکر

(ج) ان سے لڑکر (د) اُن کی غیبت کرکے





iv- کام بانٹ لیں تو ہو جاتا ہے۔

(ا) مشکل　　(ب) ناممکن

(ج) آسان　　(د) دشوار

v- بڑے اور اچھے کام کرنے کے لیے چاہیے۔

(ا) ہمت　　(ب) اتفاق

(ج) ہمت اور اتفاق دونوں　　(د) نا اتفاقی

vi- مل بانٹ کر کھانے سے ہوتی ہے۔

(ا) خوشی　　(ب) غم

(ج) اُداسی　　(د) کچھ بھی نہیں

2- درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (×) کا نشان لگائیں:

i- مِل جُل کر تفریح کا کوئی خاص مزا نہیں ہے۔

ii- کام بانٹ لیں تو آسانی سے ہو جاتا ہے۔

iii- کوشش اور جستجو سے مسئلہ حل نہیں ہوتا۔

iv- پوچھنے اور بتانے سے معلومات میں اضافہ نہیں ہوتا ہے۔

v- مشکل میں دوسروں کو اکیلے نہیں چھوڑتے۔

3- مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

i- بڑوں کی ______ کے بغیر کہیں نہیں جانا چاہیے۔

ii- میلے میں دلچسپ ______ اور کھلونے ہوتے ہیں۔

iii- دوسروں کے دکھ درد میں شریک ہونے سے وہ ______ ہو جاتا ہے۔

iv- ہمت اور اتفاق سے بڑے ______ کام کیے جاسکتے ہیں۔

v- جو کام نہ آتا ہو ______ سے آجاتا ہے۔

vi- مشکل میں دوسروں کی ______ کرنی چاہیے۔

vii- اپنی خوشی میں دوسروں کو ______ کریں۔

**مناسب الفاظ**

- کم
- اجازت
- اچھے
- کھیل تماشے
- مدد
- شریک
- سیکھنے




مل بانٹ کر کھانے میں خوشی بھی بہت، مزہ بھی زیادہ




جو کام نہ آتا ہو، سیکھنے سے آجاتا ہے۔





4- درج ذیل الفاظ کی مدد سے ایسے جملے بنائیں جو اُن کا مفہوم واضح کر دیں:

i- خوشگوار : ..............................................................................

ii- مہارت : ..............................................................................

iii- جُستجو : ..............................................................................

iv- مشاہدہ : ..............................................................................



5- سبق کے متن کو سامنے رکھ کر درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں:

i- میلے میں کون کون سے کھیل تماشے تھے؟

ii- میلے میں بہن بھائیوں نے کون سی مزے مزے کی چیزیں کھائیں؟

iii- آپ کو میلے کی کون سی چیز سب سے زیادہ پسند آئی اور کیوں؟

iv- عرفان میلے میں کیونکر گم ہوا اور سب نے اسے کیسے تلاش کیا؟

v- آپ کن کن کاموں میں دوسروں کو شریک کریں گے؟




اپنا اپنا مشاہدہ ایک دوسرے کو بتائیں




مشکل میں دوسروں کو اکیلا نہیں چھوڑتے




مل کر چیزیں خریدنے اور استعمال کرنے میں ہی سمجھ داری ہے




دوسروں کی رائے یا پسند کا خیال رکھیں